نیوز ریلیز

گرانٹس کثیرالثقافتی کو فروغ دیتی اور نسل پرستی سے جنگ کرتی ہیں

04 نومبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کے نسلی ثقافتی اور نسل پرستی کے خلاف گرانٹس پروگراموں کیلئے درخواستیں 4 نومبر کو کُھل رہی ہیں تاکہ البرٹا کے تنوع کا جشن منانے اور نسل پرستی سے نمٹنے کیلئے کمیونٹی سے چلنے والے اقدامات کی سپورٹ کی جا سکے۔

البرٹا کی متنوع ثقافتی کمیونٹیاں ان بہت سی چیزوں میں سے ایک ہیں جو صوبے کو رہنے، کام کرنے اور خاندان کی پرورش کرنے کیلئے ایک عظیم جگہ بناتی ہیں۔ کثیرالثقافتی اور بین الثقافتی تعلقات کی قدروقیمت اور فائدے کو فروغ دینے کیلئے تین سالوں میں 13.5 ملین ڈالر تک دو گرانٹ پروگراموں کے ذریعے کمیونٹی تنظیموں اور مقامی کمیونٹیوں کی مدد کیلئے وقف کئے گئے ہیں۔

"قطع نظر ثقافتی پسِ منظر یا اصل وطن، ہماری حکومت تمام البرٹنز کیلئے احترام اور شمولیت کو فروغ دینے کیلئے کمیونٹیوں کے ساتھ کام کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ یہ گرانٹس مقامی طور پر چلنے والے اقدامات میں مدد دیتی ہیں جو البرٹا میں ہماری کثیرالثقافتی کمیونٹیوں اور مقامی اور میٹیس (Métis) لوگوں کا احترام کرتے ہیں، اور ایک مضبوط و جامع معاشرے کی تشکیل میں مدد دیتے ہیں۔"

***محمد یٰسین** (Muhammad Yaseen)، امیگریشن اور کثیرالثقافتی کے وزیر*

ایتھنو کلچرل گرانٹ پروگرام

البرٹا کا ایتھنو کلچرل گرانٹ پروگرام کمیونٹی کی قیادت میں اقدامات کی سپورٹ کیلئے دو سلسلے رکھتا ہے جو البرٹا کے کثیرالثقافتی تنوع اور شمولیت کو فروغ دیتے ہیں، ان میں مقامی کمیونٹی تنظیموں کو ان کی بھرپور ثقافت اور ورثے کا جشن منانے اور شیئر کرنے میں مدد دینا شامل ہیں۔

- سلسلہ 1 ایسے منصوبوں کیلئے 50,000 ڈالر تک فراہم کرتا ہے جو نسلی ثقافتی اور مقامی گروپوں کے ساتھ بین الثقافتی تعلقات کیلئے مواقع پیدا کرتے ہیں۔
- سلسلہ 2 اس طرح کے منصوبوں کیلئے 15,000 ڈالر تک کی رقم فراہم کرتا ہے جو تنوع کا جشن منانے کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔

Classification: Public

نسل پرستی کے خلاف گرانٹ پروگرام

البرٹا کے نسل پرستی کے خلاف گرانٹ پروگرام میں کمیونٹی کی قیادت میں چلنے والے اقدامات کی سپورٹ کرنے کیلئے دو سلسلے ہیں جو نسل پرستی سے نمٹنے اور اس سے بچاؤ میں مدد دیتے ہیں اور البرٹا بھر میں کثیرالثقافتی کمیونٹیوں کو مزید جامع اور مقبول بنانے کو فروغ دیتے ہیں۔

- سلسلہ 1 ایسے منصوبوں کیلئے 5,000 ڈالر تک فراہم کرتا ہے جو مقامی اور نسلی گروپوں کو درپیش نسل پرستی کے اثرات اور آگاہی کو فروغ دیتے ہیں۔
- سلسلہ 2 کمیونٹی کی زیرِ قیادت نسل پرستی کے خلاف منصوبوں کی سپورٹ کیلئے 10,000 ڈالر تک فراہم کرتا ہے۔

اس پچھلے موسم بہار میں، ایتھنو کلچرل گرانٹ پروگرام نے بین الثقافتی آگاہی کو بڑھانے کے پروگراموں کی فراہمی کیلئے کُل 5.1 ملین ڈالر کے ساتھ 182 منصوبوں میں مدد کی، اور نسل پرستی کے خلاف 49 اقدامات نے نسل پرستی کے خلاف گرانٹ پروگرام کے ذریعے کُل 424,000 ڈالر فنڈنگ میں وصول کئے۔

متعلقہ معلومات

- Alberta.ca/ethnocultural-grant
- Alberta.ca/anti-racism-grant

میڈیا انکوائریز

نیل سنگھ(Neil Singh)

780-644-2212
پریس سیکریٹری، امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرل ازم